FATIMA ALLAHRAKHA.

# آج کی سوچ

① اخلاص نیت ، نیت ارادے کو مضبوط کرتی ہے اپنی سوچوں پر اللہ کے حکم کو پوری طرح سے عمل کرواتی ہے۔ جیسے دیرہ لگانے کے لئے مفاقات عمل کا ڈر پیدا کرتی ہے

② میں نے اپنے دل میں ٹھان لیا ہے۔ میں قرآن کو عام کتاب نہ سمجھ کر پڑھوں بلکہ میرے اندر اللہ کا ڈر اور ساتھ ہی اسکی محبت مجھے زندگی کے ہر موڑ پر اللہ کا ڈر مجھے گائیڈ کرے ابھی تو میں اپنے آپ میں خالی پن محسوس کرتی ہوں تاکہ میں اپنا زیادہ سے زیادہ قبولیت کے لئے دعا کروں جو میں کرتی رہتی ہوں۔

③ یا اللہ ہمیں خالص کر دے خاص کر مجھے ایمان مکمل پر مستحکم دے اس یقینی محبت سے مالا مال کر دے۔ یا اللہ تو میری مدد فرمائے میں زیادہ سے زیادہ محنت کروں یہاں تک میں اپنی آخری دنوں اور آخری سانسوں تک اسکی دی ہوئی زندگی کی خدمت کروں

④ ① چلو ہجرت کریں نفس کی غلامی سے اور اللہ کی اطاعت کے ساتھ چلوں

② بدعت سے چلو ہجرت کریں اور سنتوں کو اپنائیں

③ کوئی شکوہ نہیں بلکہ شکر الحمد للہ ہیں

④ سستی اور کاہلی سے ہجرت کر کے چستی کو اپنائیں

⑤ زندگی سے مایوسی سے ہجرت کر کے امید کی کرن کو پروان چڑھائیں

⑥ گناہوں سے ہجرت کر کے اچھے اعمال کو اپنائیں

⑦ خیانت کا صفحہ پھاڑ کر امانت کے عمل کی کتاب کو پروان چڑھائیں

FATIMA ALLAHRAKHA.

8 بد ایل سے ناراضگی سے ہجرت کر کے صلح رحمی کا ہاتھ تو تھام لیں

9 بے صبری سے صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لیں

15 لوگوں کے ڈر سے ہجرت کر کے توکل اللہ کریں۔

(5) ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ملے ان کے صحابہ کرام سے نہیں ملے صحابہ کرام کے تابعین سے نہیں ملے تو ہم زیادہ سے زیادہ روزے رکھ، سنتوں پر عمل کر کے تاکہ شاید اللہ ہمیں ہمیں ان درجات پر پہنچا دیں۔ امید کو مضبوطی سے پکڑنا ہے

(6) ایمان ایک جذبے کا نام ہے۔ اور اسکے لیے کی جگہ صرف دل میں ہوتی اور یہ ہی ایمان مکمل اپنے اپنے عمل میں اور اخلاق میں روشنی لاتا ہے۔

(7) اپنے ایمان کو ہر وقت تر و تازہ رکھنے کے لئے زیادہ سے زیادہ قرآن کی تلاوت اور سمجھنے کے لئے ہر وقت اسکی تڑپ لائیں گے تا وقت آخری سانس باقی رہے۔

(8) آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس نے بھی کسی نیکی کی طرف راہ نمائی کی یا اس کا پتا بتایا تو اسے بھی نیکی کرنے والے کے برابر اجر ملے گا۔

(9) آنحضرت کی بیگم محترمہ زوجہ بی بی خدیجۃ الکبرٰی کے اخلاق اور خلوص [illegible] اپنے خاوند (آنحضرت ﷺ) پر بھروسہ سے بڑھ کر اللہ پر توکل کیا اور اپنا سارا مال اور اپنی محبت ان کے حوالے کر دی۔ اور جنت میں اپنی پناہ گاہ بنالی۔ عمل کا یہ اصول سمجھ میں آیا کہ بی بی خدیجہ کی محبت ایک رزق کے طور پر دی گئی۔ محبت ایک دوسرے کے لئے رزق ہوتی ہے۔ سچی محبت لٹانے سے ہی سچی محبت ملتی ہے۔

FATIMA ALLAHRAKHA.

(۱۵) اور اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ میرے علم میں خوب
اضافہ کر اور میں اس عمل سے لوگوں کو بھی سرفراز کروں
اور اپنے سروں پر روشن "تاج" رکھ سکوں اور ان
کے لئے صدقہ جاریہ بنوں
اور اپنی اولادوں کو بھی پیار اور محبت کے ساتھ
مذہب اسلام کی دولت سے سرفراز کروں اور دعا گو ہوں
کہ آخرت پر یقین محکم کے ساتھ ہمیں بھی روشن
تاج رکھیں۔

توکل اللہ